اَللّٰھُمَّ اجْعَلْہُ ھَادِیًا مَھْدِیًّا وَاھْدِ بِہٖ (ترمذی)

ابو معاویہ
پیر سید نقیب الحسن حیدری صاحب

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اُدْعُ اِلٰى سَبِيْلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ

اللہ کریم کے اس فرمان پر عمل کرتے ہوئے چند صفحات ترتیب دینے کی کوشش کی ہے اللہ کریم اپنے حبیب کریم کے صدقے اس کاوش کو اپنی پاک و بلند بارگاہِ بے کس پناہ میں شرف قبولیت عطا فرمائے

حضرت امیر معاویہ کے عرس مبارک کے موقع پر آپ کی بارگاہ میں ادنیٰ سا تحفہ۔

شیطان آپ کو ضرور سستی دلائے گا مگر آپ یہ مکالمہ مکمل ضرور پڑھیں ان شاء اللہ ضرور فائدہ حاصل ہو گا۔

ابو معاویہ **پیر سید نقیب الحسن شاہ حیدری** عفی عنہ

0347-7861469

اس رسالہ میں کسی قسم کی غلطی کی صورت میں اصلاح کی نیت سے ضرور رابطہ فرما کر شکریہ کا موقع دیں۔

زید: السلام علیکم ورحمۃ اللہ!

ابو معاویہ: وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

زید: بھائی کیسے ہیں آپ

ابو معاویہ: الحمدللہ۔ اللہ ورسول کا کرم ہے

زید: کہاں کا ارادہ ہے۔

ابو معاویہ: جی میں تو کراچی جارہاہوں

زید: ارے واہ میں نے بھی کراچی ہی جانا ہے

ابو معاویہ: ۔اچھا اچھا۔

زید: آپ کا نام کیا ہے

ابو معاویہ: جی مجھ فقیر کو ابو معاویہ کہتے ہیں

زید: اچھا اچھا

ابو معاویہ: آپ جناب کا نام کیا ہے

زید: جی میرا نام زید ہے

ابو معاویہ: اچھا اچھا کہاں سے آرہے ہیں

زید: جی میں راولپنڈی سے بیٹھا تھا اس ٹرین میں

ابو معاویہ: اچھا ٹھیک

زید: ویسے ایک سوال پوچھ سکتا ہوں

ابو معاویہ: جی جی ضرور پوچھیں

زید: بھائی آپ غصہ نہ کر جائیں

ابو معاویہ: یار یہ بھی کوئی کرنے والا کام ہے آپ پوچھو جو پوچھنا آپ نے

زید: یار آپ کا نام تھوڑا ہضم نہیں ہوا

ابو معاویہ: اس کا مطلب آپ کا ہاضمہ خراب ہے

زید: نہیں میرا مطلب وہ نہیں آپ نے تو مذاق کرنا شروع کر دیا میں یہ کہنا چاہتا تھا کہ نام وہ رکھنے چاہیے جن کا اچھا مطلب بنتا ہو۔

ابو معاویہ: جی بالکل آپ صحیح کہہ رہے ہیں

زید: آپ میری بات نہیں سمجھے

ابو معاویہ: آپ سمجھا دیں کیا کہنا چاہتے ہیں

زید: بھائی میں یہ کہنا چاہتا ہوں جیسے کہ آپ کا نام ہے

ابو معاویہ: جی تو میرے نام کو کیا مسئلہ ہے

زید: بھائی غصہ نہ کیجئے گا میں نے سنا تھا ایک مولوی صاحب سے وہ بتا رہے تھے کہ اس لفظ کا معنی ٹھیک نہیں ہے

ابو معاویہ: استغفر اللہ آپ یہ کیا کہہ رہے ہیں ایک صحابی رسول کا نام ہو اور اس کا مطلب درست نہ ہو؟

زید: نہیں بھائی ایسے بھی تو ہو سکتا ہے کہ ان کا نام زمانہ جاہلیت والا ہو

ہاں یہ بھی آپ کی بات تو ٹھیک ہے لیکن مجھے اس پر حدیث پاک یاد آ رہی ہے

زید: اس پر کون سی حدیث پاک یاد آگئی آپ کو؟

ابو معاویہ: پیارے مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حدیث پاک ہے عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُغَيِّرُ الِاسْمَ الْقَبِيحَ

حضرت عائشہ صدیقہ روایت کرتی ہیں بے شک نبی کریم علیہ الصلوۃ والسلام برے نام کو تبدیل فرما دیا کرتے تھے

زید: یہ حدیث کس کتاب میں ہے یہ بھی بتا دیں

ابو معاویہ: یہ حدیث پاک امام ترمذی نے جامع ترمذی میں نقل فرمائی اور حدیث نمبر 2839 ہے

زید: اچھا تو کیا سرکار اعظم ﷺ نے کبھی کسی صحابی کا نام تبدیل بھی فرمایا ایسی بھی کوئی حدیث ہے کیا؟

ابو معاویہ: جی بالکل

زید: تو بھائی لگے ہاتھوں وہ بھی بتا دیں

ابو معاویہ: پیارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حدیث پاک ہے عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَيَّرَ اسْمَ عَاصِيَةَ وَقَالَ: "أَنْتِ جَمِيلَةُ"

زید: جی ماشاء اللہ

ابو معاویہ: جی الحمد اللہ

زید: اچھا اب اس کا ترجمہ بھی بتا دیں

ابو معاویہ: ترجمہ کیا آپ کو نہیں آتا؟

زید: نہیں بھائی اصل میں میری عربی گرائمر تھوڑی کمزور ہے

ابو معاویہ: ویسے مجھے تو یہ بھی محسوس ہو رہا ہے آپ کو علم حدیث سے بھی زیادہ واقفیت نہیں ہے

زید: جی بس دعا کریں ہمیں بھی علم حدیث آجائے جیسے میری عربی کمزور ہے ویسے ہی علم حدیث میں بھی وہی حالت ہے

ابو معاویہ: اللہ تعالی آپ کی ساری کمزوریاں دور کرے

زید: جی آمین اور بھائی ترجمہ تو بتائیں اب

ابو معاویہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے پیارے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عاصیہ رضی اللہ تعالی عنہا صحابیہ کا نام تبدیل فرما کے فرمایا تم جمیلہ ہو اور یہ حدیث پاک مختلف الفاظ کے ساتھ ان کتابوں میں موجود ہے

- صحيح مسلم 5605 عبد الله بن عمر سماها رسول الله جميلة
- صحيح مسلم 5604 عبد الله بن عمر غير اسم عاصية وقال أنت جميلة
- جامع الترمذي 2838 عبد الله بن عمر غير اسم عاصية وقال أنت جميلة
- سنن أبي داود 4952 عبد الله بن عمر غير اسم عاصية وقال أنت جميلة
- سنن ابن ماجه 3733 عبد الله بن عمر سماها رسول الله جميلة

زید: اچھا چلیں یہ تو سمجھ آگئی اب مجھے عاصیہ اور جمیلہ کا مطلب بھی سمجھا دیں

ابو معاویہ: واہ سبحان تیری قدرت اب کیا کہہ سکتے ہیں میں تو حیران اس بات پہ ہوں کہ آپ کو چند الفاظ کے مطالب تک کا نہیں پتہ اور آپ ایک صحابی رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نام کے بارے میں عجیب وغریب گفتگو کر رہے ہیں۔

زید: نہیں جناب مجھے واقعی نہیں پتا

ابو معاویہ: یار عاصیہ کا مطلب ہوتا ہے گناہ کرنے والی۔ گناہ گار عورت اور جمیلہ کا مطلب ہوتا ہے خوبصورت۔

زید: اچھا اچھا اب سمجھ آگئی۔

ابو معاویہ: اچھا مجھے آپ ایک سوال کا جواب دیں۔ اس حدیث پاک کے مطابق تو یہ سمجھ آرہی ہے نا کہ جب کوئی ایسا نام حضور ﷺ کی بارگاہ میں پیش ہوتا۔ کہ جس کا مطلب درست نہ بنتا ہو تو سرکار اعظم ﷺ اس کو تبدیل فرمادیتے تھے؟

زید: جی بھائی بالکل جو حدیثیں آپ نے بتائی ہیں اس سے تو بالکل یہ سمجھ آرہی ہے۔

ابو معاویہ: تو اب پھر آپ خود سوچ لیں اگر نامِ معاویہ کا مطلب درست نہ ہوتا تو میرے پیارے آقا ﷺ ضرور اس نام کو بھی تبدیل فرمادیتے ہیں سرکار اعظم ﷺ کا اس نام کو تبدیل نہ کرنا اس بات پر ثبوت ہے کہ سرکار اعظم ﷺ اس نام کو درست سمجھتے ہیں۔

زید: ہاں یہ تو ہے مگر میں نے واقعی سنا تھا کہ اس کا معنی درست نہیں

ابو معاویہ: اللہ کے بندے یہ حضور ﷺ کے اصحاب میں سے کئی صحابہ کرام کا نام ہے

زید: یہ آپ کیا کہہ رہے ہیں میں نے تو بس ایک صحابی کا ہی سنا ہے

ابو معاویہ: نہیں نہیں کئی اصحاب رسول کا نام مبارک معاویہ تھا تاریخ کی کتابوں میں معاویہ نام کے 30 صحابہ کرام کا ذکر ملتا ہے

زید: اچھا اگر اتنے صحابہ کا یہ نام تھا تو کسی کتاب میں ذکر بھی تو ہو گا ناں؟

ابو معاویہ: جی بلکل جیسا کہ

تجرید اسماء الصحابہ صفحہ 89,90 میں بھی لکھا ہوا ہے

چند کے نام مبارک یہ ہیں

معاویہ بن سور بن عبادہ بن البکاء العامری البکائی

معاویہ بن حارث بن عبد المطلب بن عبد مناف

معاویہ بن ابی ربیعہ الجرمی۔ معاویہ بن سفیان مخزومی۔ معاویہ بن ابی سفیان۔ معاویہ بن سوید۔ معاویہ بن صعصعہ۔ معاویہ بن عبید۔ معاویہ بن عبد اللہ۔ معاویہ بن عروہ۔ معاویہ بن عفیف مزنی۔ معاویہ بن عمرو۔ معاویہ بن محسن۔ معاویہ بن مرداس

۔معاویہ بن معاویہ مزنی۔ معاویہ بن مقرر مزنی۔ معاویہ بن مغیرہ۔ معاویہ بن نفیع۔
معاویہ لیسی۔ معاویہ ہزلی

اسی طرح

الاصابہ امام ابن حجر عسقلانی جلد تین صفحہ 410 پر بھی ان اصحاب مصطفی کا ذکر مبارک موجود ہے جنکا نام مبارک معاویہ تھا

زید: (بے اختیار کہہ پڑا) واہ سبحان اللہ

زید: اچھا اگر یہ بات ہے تو کبھی اہل بیت کے کسی فرد کا نام بھی معاویہ رکھا گیا تھا

ابو معاویہ: ہاں بلکل اہل بیت اطہار میں بھی نام معاویہ موجود ہے حضرت مولائے کائنات رضی اللہ تعالی عنہ کے بھتیجے نے اپنے بیٹے کا نام معاویہ رکھا (عمدۃ الطالب صفحہ 38)

زید: کیا یہ صرف اہلسنت کی کتابوں میں لکھا ہوا ہے یا کہیں اور بھی اس نام کا تذکرہ ملتا ہے؟

ابو معاویہ: ہاں ہماری تو ہماری اہل تشیع کی کتاب میں نام معاویہ کے صحابہ کرام کا ذکر ملتا ہے

معاویہ بن ام سلمٰی

معاویہ ابن صعصعۃ ابن اخی الاخنف

معاویہ بن عبداللہ بن جعفر

امام جعفر الصادق رضی اللہ تعالی عنہ کے شاگردوں میں بھی معاویہ نام موجود تھا اور

وہ بھی ایک نہیں، دو دو

نمبر 1 معاویہ بن سعید الکندی الکوفی نمبر 2 معاویہ بن سلمۃ النضری

تنقیح المقال للمامقانی صفحہ 223 جلد 3

زید: یار مجھے تو بڑی حیرانگی ہو رہی ہے میں یہ سب پہلی بار سن رہا ہوں

ابو معاویہ: چلیں اب تو پتہ چل گیا ناں آپ کو

زید: جی بالکل اچھا پھر یہ بتائیں۔ کیا واقعی اس نام کا مطلب اس طرح کا بنتا ہے جو

شیطان نے میرے ذہن میں ڈال رکھا ہے

ابو معاویہ: دیکھیں عربی زبان کے اندر ایک لفظ کے کئی معنی ہوتے ہیں اول تو یہ بات

سمجھ لیں دوسری بات عربی لغت کی بڑی مشہور و معروف کتاب لسان العرب میں

علامہ ابن منظور افریقی رحمۃ اللہ تعالی علیہ لفظ معاویہ کے معنی کے متعلق لکھتے ہیں

رات کے وقت جب رات کا پچھلا پہر ہوتا ہے تو کتے ایک ستارے کی طرف دیکھ کر

بھونکنا شروع کر دیتے ہیں جس ستارے کو دیکھ کر وہ بھونکتے ہیں اس ستارے کو معاویہ کہتے ہیں

زید: ہیں..!!!!!!!!!میں نے یہ تو کبھی نہیں سنا

ابو معاویہ: آپ جیسے لوگوں کے ساتھ رہو گے ویسا کچھ ہی سننے کو ملے گا ناں

اچھا ویسے یہاں ایک شعر پڑھنے کو دل کر رہا میرا

زید: تو جناب سنا دیں

کون کہتا ہے نام معاویہ میں کوئی برائی ہو گی

یہ بات کسی دشمن خدا نے پھیلائی ہو گی

زید: واہ سبحان اللہ

اچھا اس کے اور کون کون سے معنی ہیں

ابو معاویہ: اور کئی کتابوں میں کئی معنی کا ذکر ملتا ہے جن میں سے چند یہ ہیں

لفظ معاویہ "عَوِیَ" سے مشتق ہے از رُوئے لغت اس کے حسبِ ذیل معنی ہیں

(1) کسی چیز کو موڑنا یا مروڑنا (2) عالم شباب میں مدمقابل کا پنجہ مروڑنا، (3) کسی کا دفاع کرنا، (4) جنگ یا جماعت کے لیے لوگوں کو جمع کرنا، (5) آواز دے کر پکارنا،

(ا)منتھی الارب، جلد دوم صفحہ نمبر215۔(2)لسان العرب، جلد نمبر8 صفحہ نمبر 109۔(3)تاج العروس، جلد نمبر15 صفحہ نمبر260۔(4)القاموس، صفحہ نمبر 896۔(5)قاموس الوحید، جلد نمبرُ2صفحہ نمبر1145۔

زید: اللہ اکبر کبیر ا۔واقعی یار مجھے توذرا بھی علم نہیں تھا اس بارے

ابو معاویہ: اچھا آپ کو ایک اور بات بتاؤں اور اس کا مقصد صرف آپ کو یہ بتانا ہے کہ عربی زبان میں اگر کوئی ایسا مطلب ہو بھی کسی لفظ کا جو درست نہ ہو تب بھی جب وہ نام کسی پاکیزہ ہستی کا رکھ دیا گیا تو اس ہستی کا ذکر کرتے وقت ہم اس لفظ کا وہ معنی بھول کر بھی مراد نہیں لیں گے

زید: آپ کی مکمل بات مجھے سمجھ نہیں آئی کہ آپ کہنا کیا چاہتے ہیں؟

ابو معاویہ: چند ایک نام اور ان کے معنی بطور مثال میں آپ کو بتاتا ہوں

زید: جی جی بتائیں

ابو معاویہ: جیسا کہ سرکار اعظم اعظم ﷺ کے نسب مبارک کی چھٹی پشت میں "کلاب" نام ملتا ہے اب اس کا معنی لفظ کے اعتبار سے جو بنتا ہے وہ تو کوئی کرنے کی ہمت بھی نہیں کر سکتا لیکن اب یہ حضور کے آباء واجداد میں تھے اسی طرح لفظ فاطمہ

کے معنی میں سے ایک معنی لغت میں "ایسی اونٹنی جس کا بچہ دودھ سے چھڑایا گیا ہو"(مصباح اللغات، صفحہ نمبر139)

(1)عباس، بہت تُرش رُو(مصباح اللغات صفحہ نمبر548)

(2)باقر، کا معنٰی گایوں کا ریوڑ(مصباح اللغات، صفحہ نمبر67)

(3)جعفر، کے معنی ندی، بہت دودھ والی اونٹنی(صفحہ نمبر114 ایضاً)

(4)اویس، کے معنی بھیڑیا(مصباح اللغات صفحہ نمبر44)

اب یہ سارے نام آپ دیکھیں کہ آپ نے کبھی ان ناموں کے بارے میں کوئی ایسی بات سنی ہے کسی سے کہ ان کا مطلب ٹھیک نہیں یہ نہیں رکھنے چاہیے

زید: جی بالکل نہیں

ابو معاویہ: اصل میں مسئلہ حضرت امیر معاویہ کے نام میں نہیں کچھ لوگوں کے ایمان میں ہے اس لیے وہ اس طرح کی گمراہ کن باتیں کرتے ہیں

زید: آپ کی باتوں نے تو مجھے حیران کر دیا یہ معلومات میرے لیے بہت فائدہ مند رہے گی

ابو معاویہ: جی ان شاء اللہ بس اللہ پاک ہم سب کو سمجھنے کی توفیق عطا فرمائے

زید: آمین

زید: الحمدللہ آپ کی باتوں سے میرے دل سے کئی شکوک وشبہات ختم ہوگئے ہیں اور ہمارا سفر بھی بڑا اچھا گزر رہا ہے ابھی اگر آپ محسوس نہ فرمائیں تو مجھے تھوڑی اجازت دیجیے مجھے نیند آرہی ہے

ابو معاویہ: جی زید بھائی کوئی بات نہیں آپ آرام کرلیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جاری ہے۔۔۔ان شاءاللہ